سوال نمبر۔ 4968

منجانب۔ محترم جناب فخر اعظم وزیر، رکن صوبائی اسمبلی صوبہ خیبر پختون خواہ

نمبر	سوال	نمبر	جواب
	کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ		
الف	آیا یہ درست ہے کہ خیبر پختونخوا کی سرکاری یونیورسٹیوں میں خیبر پختونخوا یونیورسٹیز ایکٹ مجریہ 2012 جو کہ 2016 میں چند ترمیم کے ساتھ منظور ہوا ہے نافذ العمل ہے؟	الف	ہاں یہ درست ہے کہ خیبر پختونخوا یونیورسٹیز ایکٹ مجریہ 2012 جو کہ 2016 میں چند ترامیم کے ساتھ منظور ہوا ہے۔ خیبر پختونخوا یونیورسٹیز (ترمیمی) ایکٹ 2016 PATA اور FATA میں واقع یونیورسٹیز کے علاوہ صوبے کے تمام سرکاری یونیورسٹیز میں نافذ ہے۔
(ب)	اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو:؟	(ب)	
(i)	محکمہ نے یونیورسٹیوں کو مذکورہ ایکٹ نافذ العمل کیلئے کوئی خط بھیجا ہے آیا اُس کا جواب محکمہ کو موصول ہوا ہے۔	(i)	اس ضمن میں محکمہ اعلیٰ تعلیم نے متعلقہ یونیورسٹیز کو مراسلے بھیجے ہیں۔ جن میں سے بعض یونیورسٹیز نے جوابی مراسلے بھی بھیجے ہیں۔
(ii)	(2016) ترمیم شدہ خیبر پختونخوا یونیورسٹیز ایکٹ 2012 کا سیکشن A-17 اس وقت تمام یونیورسٹیوں بالخصوص پشاور یونیورسٹیوں میں نافذ العمل ہے؟	(ii)	یہ ایکٹ PATA اور FATA میں واقع یونیورسٹیز کے علاوہ صوبے کے تمام سرکاری یونیورسٹیز بشمول پشاور کی یونیورسٹیز میں نافذ ہے۔
(iii)	یونیورسٹی ایکٹ کو نافذ نہ کرنا توہین اسمبلی کے زمرے میں نہیں آتا ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔	(iii)	محکمہ اعلیٰ تعلیم یونیورسٹیز ایکٹ کو مکمل صورت میں نافذ کروانے کے لئے یونیورسٹیز کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہے۔